**19.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

**Music**

---

☆ UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے آج بھارت کے سرکاری دورے کی شروعات کے ساتھ ہی بھارت اور متحدہ عرب امارات جامع کلیدی شراکت داری کے سلسلے میں پیش رفت کریں گے۔

☆ بھارت نے پولینڈ سے کہا ہے کہ یوکرین جنگ کے سلسلے میں اُسے خاص طور سے نشانہ بنایا جانا غیر منصفانہ اور بلاجواز ہے۔

☆ زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ وِکست بھارت جی رام جی ایکٹ کے بارے میں لوگوں کو گمراہ کررہی ہے۔

☆ BJP کے قومی صدر کے انتخاب کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج دوپہر شروع ہورہا ہے۔

☆ آج سوئٹزرلینڈ کے Davos میں شروع ہونے والے عالمی اقتصادی فورم میں 100 سے زیادہ CEOs بھارتی اور بھارتی وفد شرکت کریں گے۔

☆ اور، چاندی کی قیمتیں فی کلوگرام 3 لاکھ روپے سے زیادہ ریکارڈ بلندی پر پہنچ گئی ہیں، سونے کی قیمتیں بھی فی 10 گرام ایک لاکھ 44 ہزار سے زادہ ہوگئی ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**UAE PREZ-INDIA VISIT**

متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد زائد النہیان وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر آج بھارت کا سرکاری دورہ کریں گے۔ امید ہے اِس دورے سے دونوں رہنماؤں کو یہ موقع ملے گا کہ وہ بھارت-متحدہ عرب امارات جامع کلیدی شراکت داری

کو آگے بڑھائیں اور باہمی مفاد کے علاقائی و عالمی معاملوں پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ شیخ محمد، جب سے متحدہ عرب امارات کے صدر بنے ہیں، تب سے بھارت کا اُن کا یہ تیسرا سرکاری دورہ اور گزشتہ ایک دہائی میں اُن کا یہ پانچواں دورہ ہے۔×

**JAISHANKAR-POLAND**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پولینڈ کو چاہئے کہ وہ دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی پر عمل کرے اور بھارت کے پڑوس میں دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے میں مدد نہ کرے۔ نئی دِلی میں پولینڈ کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ **Radoslaw Sikorski** کے ساتھ اپنی میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ پولینڈ بھارتی خطے کیلئے کوئی اجنبی نہیں ہے اور وہ یقیناً طویل عرصے سے جاری سرحد پار کی دہشت گردی کے چیلنج سے واقف ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ آج دونوں فریقوں کے درمیان بات چیت میں علاقائی اور عالمی واقعات کا احاطہ کیا جائے گا۔

**Byte Dr S Jaishnakar**

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ پولینڈ وسطی یوروپ میں بھارت کے سب سے بڑے تجارتی ساجھیداروں میں سے ایک ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت، سات ارب ڈالر مالیت کی ہے اور اِس میں گزشتہ دہائی میں تقریباً **200** فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ پولینڈ میں بھارتی سرمایہ کاری تین ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے، جس کے سبب وہاں روزگار کے بہت سے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی مضبوط اقتصادی ترقی، اِس کی بڑی منڈی اور سرمایہ کاری سے مطابقت رکھنے والی پالیسیاں پولینڈ کے کاروبار کیلئے وسیع مواقع فراہم کرتی ہیں۔×

**CHOUHAN-G RAM G**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ وہ 'وِکست بھارت جی رام جی' ایکٹ کے بارے میں ملک کے عوام کو گمراہ کررہی ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب چوہان نے کہا کہ **MG NREGA** کے تحت کانگریس کے ذریعہ دیئے گئے حقوق، صرف کاغذوں پر تھے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے خیالات اور نظریات سے کنارہ کشی اختیار کرلی ہے اور اب اسے ملک کی ترقی اور غریب عوام کی فلاح وبہبود میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ اس ایکٹ کی بدولت ہر دیہی کنبے کو کم از کم **125** دن کے روزگار کی گارنٹی ملتی ہے، جبکہ اس سے پہلے ایک سو دن کا روزگار فراہم کیا جاتا تھا۔

**S/B Shivraj Singh Chouhan**

انہوں نے کہا کہ **MG NREGA** کے تحت **10** کروڑ اثاثے تیار کئے گئے ہیں، جن میں سے **8** اعشاریہ پانچ کروڑ اثاثے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں تیار کئے گئے ہیں۔ جناب چوہان نے یہ بھی کہا کہ مودی حکومت میں **25** کروڑ

غریبی کی سطح سے باہر آئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ 'وکست بھارت جی رام جی' ایکٹ میں درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل، خواتین، معذوری سے متاثرہ افراد اور غریب عوام کو ترجیح دی گئی ہے۔ جناب چوہان نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ اگر مقررہ وقت کے اندر کام فراہم نہیں کیا جاتا، تو نئے ایکٹ میں بے روزگاری بھتے کا بھی التزام ہے۔×

## BJP PRESIDENT ELECTION

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر کے چناؤ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی آج داخل کیے جائیں گے۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ افسر اور MP کے۔لکشمن کی طرف سے جاری چناؤ کی تاریخوں کے مطابق یہ نامزدگی کے کاغذات دوپہر دو سے شام چار بجے تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔ چناؤ کا سارا عمل نئی دلی میں پارٹی کے صدر دفتر میں ہوگا۔

چناؤ کے پروگرام کے مطابق، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال شام 4 بجے سے 5 بجے تک کی جائے گی، جس کے بعد نام واپس لینے کا مرحلہ شروع ہوگا، جو آج شام 6 بجے تک جاری رہے گا۔ نامزدگی کے عمل کی تکمیل کے بعد، اگر ضرورت پڑی تو کل ووٹنگ کرائی جائے گی۔×

## EC-IICDEM

انتخابی کمیشن بدھ کے روز سے بھارت منڈپم میں جمہوریت اور انتخابات کے بندوبست سے متعلق بھارتی بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔ یہ تین روزہ کانفرنس جمہوریت اور انتخابات کے بندوبست سے متعلق بھارت کی جانب سے میزبانی کی جانی والی اب تک کی سب سے بڑی عالمی کانفرنس ہوگی۔ دنیا بھر کے 70 سے زیادہ ممالک کی نمائندگی کرنے والے تقریباً ایک ہزار بین الاقوامی مندوبین کے اس میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندے بھارت میں غیر ملکی مشن، ماہرین تعلیم اور انتخابات سے متعلق صوبے میں خدمات انجام دینے والے ماہرین بھی اس میں شامل ہوں گے۔ کمیشن انتخابات کے بندوبست سے متعلق اداروں کے ساتھ 40 سے زیادہ دوطرفہ میٹنگوں کا بھی اہتمام کرے گا، تاکہ انہیں دنیا بھر میں درپیش مختلف چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔×

## J&K KISHTWAR TERRORISTS

جموں وکشمیر میں پوری رات کے وقفے کے بعد سکیورٹی نے آج اُن دہشت گردوں کا پتہ لگانے کیلئے اپنی تلاش کارروائی پھر شروع کی، جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ کشتواڑ ضلع کے بالائی علاقوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ پاکستان میں قائم جیش محمد سے وابستہ دو سے تین دہشت گردوں کے ایک گروپ کے اِس علاقے میں پھنس جانے کا خیال ہے۔ کل سونار گاؤں کے نزدیک Mandral-Singhpora میں Chatroo حصے میں اس کارروائی کا آغاز کیا گیا تھا، جس کے بعد گولی

باری میں 8 فوجی اہلکار زخمی ہوگئے تھے۔ فوج، پولیس اور نیم فوجی دستوں کی کئی ٹیمیں ڈرون اور سونگھ کر پتہ لگانے والے کتوں کی مدد سے علاقے میں تلاش کارروائی جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ سخت سکیورٹی برت رہے ہیں، تاکہ دہشت گرد فرار نہ ہونے پائیں۔×

**WORLD ECONOMIC FORUM**

عالمی اقتصادی فورم کا اجلاس آج سوئٹزرلینڈ کے شہر Davos میں شروع ہوگا۔ 56 ویں سالانہ اجلاس میں 3 ہزار سے زیادہ عالمی رہنما شرکت کررہے ہیں۔ 100 سے زیادہ بھارتی سی ای اوز Davos میں موجود ہیں، جن کے ساتھ حکومت کا ایک بڑا وفد تبادلۂ خیال کے 5 روزہ پروگرام میں حصہ لے گا۔ مرکزی وزراء بشمول اشونی ویشنو، پرہلاد جوشی اور کے رام موہن نائیڈو کی شرکت متوقع ہے۔ یہ وزراء دو طرفہ میٹنگ بھی کریں گے۔ اِس کے علاوہ، مہاراشٹر، آندھرا پردیش، مدھیہ پردیش، آسام اور جھارکھنڈ کے وزرائے اعلیٰ اپنی اپنی ریاستوں کو ممکنہ سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کریں گے۔ مختلف ریاستی حکومتوں کے پویلین بھی موجود ہوں گے، جن میں کرناٹک، اتر پردیش، کیرالہ اور تلنگانہ شامل ہیں۔×

**GOLD SILVER HIKE**

سونے اور چاندی کی قیمت آج اب تک کی بلند ترین سطح تک پہنچ گئیں۔ ایسا گرین لینڈ سے متعلق تنازعے کے معاملے پر کئی یوروپی ملکوں پر نئے محصولات عائد کئے جانے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی کے بعد سرمایہ کاروں کی جانب سے محفوظ اثاثوں کے حصول کے نتیجے میں ہوا ہے۔ MCX میں سونے کی قیمت ایک اعشاریہ چھ-آٹھ فیصد بڑھ کر ایک لاکھ 44 ہزار 905 روپے فی دس گرام ہوگئی، جبکہ MCX میں چاندی کی قیمت میں چار اعشاریہ تین-نو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ تین لاکھ 400 روپے فی کلوگرام ہوگئی۔×

**SBI-ECONOMY**

اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی تحقیقی رپورٹ کے مطابق بھارت میں فی کس آمدنی 2030 تک 4 ہزار ڈالر ہوجائے گی، جس سے بھارت کو Upper-Middle-Income والا ملک بننے میں مدد ملے گی۔ آج جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق عالمی بینک کی موجودہ درجہ بندی کے تحت بھارت، چین اور انڈونیشیا کے برابر آ جائے گا۔ بھارت کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت تک پہنچنے میں آزادی کے بعد 60 سال لگے، جبکہ 2014 تک محض 7 برس میں یہ دو ٹریلین ڈالر تک پہنچ گیا اور اگلے سات برس میں یعنی 2021 تک تین ٹریلین ڈالر پر پہنچ گیا۔ 2025 میں بھارت کی معیشت محض چار برس میں چار ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئی۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ بھارت اگلے دو برس کے اندر پانچ ٹریلین ڈالر کی معیشت تک پہنچ جائے گا۔

رپورٹ میں اِس بات کو بھی اُجاگر کیا گیا ہے کہ آزادی کے 62 سال بعد 2009 میں فی کس آمدنی ایک ہزار ڈالر تھی، جو 2019 میں دوگنی ہوکر دو ہزار ڈالر ہوگئی اور 2026 تک اِس کے تین ہزار ڈالر کو تجاوز کرجانے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ دہائی میں بھارت کی ترقی مستحکم ہوئی ہے۔ اِس کی حقیقی عالمی GDP نشوونما کی فیصد درجہ بندی 92 سے بڑھ کر 95 پرسنٹائل تک پہنچ گئی ہے، جس کے بعد بھارت دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں شامل ہوگیا ہے۔×

## IRAN PROTEST TOLL

ایران میں، اِس مہینے ملک میں ہونے والے احتجاجی مظاہروں کے دوران، 500 سکیورٹی اہلکاروں سمیت 5 ہزار افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ یہ بات ایک ایرانی عہدیدار نے کہی ہے۔ ہلاکتوں کی یہ تعداد پورے ایران میں ہونے والے اِن مظاہروں کے حوالے سے اب تک کسی سرکاری ذرائع کی جانب سے بتائی گئی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ اِن مظاہروں نے پورے ایران کے نظام کو ہلاکر رکھ دیا ہے۔

ایرانی عہدیدار نے ہلاکتوں کی زیادہ تعداد کا ذمہ دار اسرائیل اور بیرونِ ملک مسلح گروپوں کو ٹھہرایا ہے۔ یہ مظاہرے 28 دسمبر کو ایران کی کرنسی ریال کی قدر میں شدید گراوٹ کے بعد ایران میں شروع ہوئے اور جلد ہی حکومت مخالف ایک وسیع تحریک میں تبدیل ہو گئے، جس میں سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے اقتدار کے خاتمے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔×

## TRUMP-MODI

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نریندر مودی کو دعوت دی ہے کہ وہ اُس ''بورڈ آف پیس'' میں شامل ہوں، جو غزہ میں مستقل امن قائم کرنے کیلئے کام کرے گا۔ امریکی صدر نے جناب مودی کو اِس سلسلے میں ایک خط بھیجا ہے، جسے بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor کی طرف سے سوشل میڈیا پر ڈالا گیا ہے۔ اپنے خط میں جناب ٹرمپ نے کہا ہے کہ انھیں وزیراعظم کو یہ دعوت دیتے ہوئے اعزاز محسوس ہو رہا ہے کہ وہ مشرقی ایشیا میں، امن کو ایک ٹھوس شکل دینے اور عالمی تنازع کو حل کرنے کا ایک جرأت مندانہ طریقۂ کار اختیار کرنے کی اُن کی کوششوں میں شامل ہوں۔×

## PAK-FIRE

پاکستان کے شہر کراچی میں گُل پلازہ شاپنگ مال میں لگی آگ سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 تک پہنچ گئی ہے۔ اس سے پہلے بچاؤ عملے نے وہاں سے مزید آٹھ لاشیں نکالیں۔ 70 سے زیادہ گمشدہ افراد کی تلاش اب بھی جاری ہے۔ بچاؤ عہدیداروں نے بتایا کہ ٹیموں نے کارروائی کے دوران، ایک بچے سمیت تین افراد کی جھلسی ہوئی لاشیں بھی برآمد کی ہیں۔ انہوں

نے یہ بھی کہا کہ ملبہ ہٹانے اور آگ پر پوری طرح قابو پانے کی کوششیں جاری ہیں۔ دوسری جانب عوام نے آگ پر قابو پانے میں تاخیر کیلئے سندھ حکومت اور کراچی کے میئر کی سخت مذمت کی ہے۔×

**EU-SUPPORTS GREENLAND**

یوروپی رہنماؤں نے گرین لینڈ اور ڈنمارک کی خودمختاری کیلئے اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ اُنہوں نے اِس سلسلے میں یوروپ کے کلیدی اقتصادی اور سلامتی مفادات کا حوالہ دیا ہے۔ یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** نے ایکس پر کہا ہے کہ اُنہوں نے بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے ناٹو کے سکریٹری جنرل **Mark Rutte** اور فرانس، برطانیہ، جرمنی اور اٹلی کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کی۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ سبھی رہنما کلیدی اقتصادی اور سلامتی مفادات کے تحفظ کیلئے پختہ عزم کئے ہوئے ہیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ یوروپ اتحاد اور عزم کے ساتھ جواب دے گا۔

اِس کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے یہ دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ ناٹو نے گرین لینڈ میں روسی خطروں کے بارے میں برسوں تک ڈنمارک کو خبردار کیا ہے، لیکن ڈنمارک نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ اب وقت آگیا ہے اور اِس بار کارروائی کی جائے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆